بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پٹی(bandage)کے نیچے لگی چکناہٹ کی موجودگی میں غسل کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک مسئلہ دریافت کرنا ہے کہ میری انگلی پر زخم آگیا تو اس پر میں نے bandage لگایا۔ جب خون رک گیا تو اسے اتار کر میں نے غسل کیا۔ اس کے بعد دوسرا bandage لگایا۔ پھر جمعہ پڑھ کے آیا۔ واپسی پہ دیکھا کہ bandage کے نیچے جو چکناہٹ ہوتی ہے وہ انگلی پہ موجود ہے۔ اب شک سا ہو گیا ہے کہ غسل کرتے وقت پانی انگلی تک سرایت کر چکا تھا یا نہیں؟ اب نامعلوم غسل ہو گیا اور نماز ہو گئی یا نہیں؟

اس صورت حال میں کیا کیا جائے؟

**سائل: ڈاکٹر عبدالوسید، آسٹریلیا**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پٹی (Bandage) کے نیچے موجود چکناہٹ معمولی مقدار میں ہوتی ہے جو پانی کی سرایت میں مانع نہیں ہوتی۔ اس لیے آپ کا غسل درست ہوا ہے اور نماز جمعہ کی ادائیگی بھی درست ہو چکی ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**12-اکتوبر2021ء**